فوری ریلیز کے لیے: 17/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ اخراجات پر قابو پانے کی کاوش کے تحت PSC نے نیو یارک کی بجلی اور گیس کی یوٹیلٹیز کے قابل استطاعت ہونے کی پیمائش کرنے کے لیے اُن کے منصوبے پر کارروائی کی۔

مالی سال 27 کے ریاستی بجٹ میں گورنر کی توانائی کو قابل استطاعت بنانے کی کاوشوں کو برقرار رکھا گیا ہے۔

ہر یوٹیلیٹی سے درکار کیا جائے گا کہ آئندہ ریٹ کے کیسز کے لیے ایک افورڈیبلٹی انڈیکس کا حساب لگائیں

گورنر HOCHUL (ہوکل) نے اعلان کیا کہ آج پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission, PSC یا کمیشن) نے اُن کی جانب سے گزشتہ برس پیش کردہ توانائی کے قابل استطاعت ہونے سے متعلق متعدد کاوشوں پر عملدرآمد کے لیے ایک کارروائی کا آغاز کیا۔ PSC کی کارروائی ایک نئے انرجی افورڈیبلٹی انڈیکس کی جانب بڑھ رہی ہے جو ریاست نیو یارک میں توانائی کے قابل استطاعت ہونے کی تشخیص کرنے اور ریاست کے اس ہدف کی جانب بڑھنے کے لیے استعمال ہو گا کہ بجلی اور گیس کی یوٹیلیٹی کے اخراجات کو گھرانوں کی آمدنی کے چھ فیصد سے کم رکھا جائے۔ آج کا آرڈر یوٹیلٹیز اور اسٹیک ہولڈرز کے لیے اس حوالے سے عبوری رہنمائی فراہم کرتا ہے کہ اس نئی پیشرفت کے تحت اسٹیک ہولڈرز کی رائے شامل کر کے پالیسی کی مزید تفصیلات تیار کی جانے تک قلیل مدت میں قانون پر عملدرآمد کس طرح کیا جائے گا۔

گورنر Hochul (ہوکل) کے منصوبے کے تحت جو مالی سال 27 کے نافذ شدہ بجٹ میں شامل کیا گیا تھا، اگر کسی یوٹیلیٹی کا استطاعت کا انڈیکس چھ فیصد کے ہدف (تین فیصد بجلی کے لیے اور تین فیصد گیس کے لیے) سے تجاوز کرتا ہے، تو کمیشن یوٹیلیٹی کے آپریشنز اور اخراجات کی مزید پڑتال کے لیے ایک غیر جانبدار افورڈیبلٹی مانیٹر کو متعین کر سکے گا۔ یہ مانٹیر کمیشن کو رپورٹ فراہم کرے گا جس میں قابل استطاعت ہونے پر اثر انداز ہونے والے اخراجات کے متحرکات کی ایک تشخیص اور اخراجات میں کمی لانے کی تجاویز ہوں گی۔ افورڈیبلٹی انڈیکس کو ایگزیکٹیو اور سینئر انتظامیہ کے معاوضے میں استعمال ہونے والے کارکردگی کے ترغیبی معاوضوں کے ساتھ منسلک کیا جائے گا، جس سے ایگزیکٹیو فیصلے صارفین کے لیے توانائی کی استطاعت سے ہم آہنگ ہو جائیں گے۔

"میں نے یہ یقینی بنانے کو اولین ترجیحات میں شامل کیا ہے کہ ہم نیو یارک کے باشندوں کے یہاں روشنیاں جلتی رکھیں اور اخراجات کو کم رکھیں اور PSC کی آج کی کارروائی ان کاوشوں کا تسلسل ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ابھی رواں ہفتے میں ہی ہم نے اعلان کیا ہے کہ 21 ستمبر سے توانائی کے ریبیٹ کے چیکس کی مد میں 1$ بلین نیو یارک کے 8.2 باشندوں کو جانا شروع ہو جائیں گے اور ہم نے آگاہی اور اندراج کی ایک جارحانہ کاوش کا آغاز کیا تاکہ ایسے 2.5 ملین گھرانے جو ایک سال میں کئی سو ڈالرز تک یوٹیلیٹی بل کے کریڈٹس کے لیے اہل ہیں لیکن اندراج شدہ نہیں، وہ ان بچتوں سے فائدہ اٹھا سکیں۔"

PSC کے چیئر Rory M. Christian (روری ایم کرسچین) نے کہا، "دس برس قبل اس کمیشن نے قوم کا اولین انرجی افورڈیبلٹی پروگرام (Energy Affordability Program) شروع کیا تاکہ یوٹیلیٹز سے، آمدنی کے حوالے سے اہل صارفین کو رعایتیں فراہم کرنا درکار کر کے نیو یارک کے باشندوں کے توانائی کے بوجھ میں کمی کرنے میں مدد ملے؛ اور اس برس ہم نے اہلیت کو وسعت دے کر ریاست کے اوسط آمدنی والے گھرانوں کو بھی شامل کیا۔ موجودہ ہفتے میں ہی گورنر Hochul (ہوکل) نے محکمہ خدمت عامہ (Department of Public Service) کو ہدایات دیں کہ مزید افراد کو سائن اپ کروانے کے لیے آگاہی اور رابطہ کاری کی ایک جارحانہ کاوش کا آغاز کریں۔

یہ نیا افورڈیبلٹی انڈیکس ایک یکساں اعشاریے کے ذریعے تمام متعلقین کے لیے ریاست کی تمام بڑی یوٹیلٹیز کو سمجھنے میں بہتری لائے گا، ایگزیکٹیوز کے لیے ترغیب پیدا کرے گا کہ استطاعت کے خدشات سے نمٹیں اور آئندہ کے لیے کمیشن کے ریٹ کے کیس کے فیصلوں کے لیے معلومات فراہم کرے گا۔"

ہر یوٹیلیٹی کا افورڈیبلٹی انڈیکس کمیشن کی ایک سالانہ رپورٹ میں شامل کیا جائے گا جو یوٹیلٹیز کے قابل استطاعت ہونے کے متعلق ایک جامع ریاست گیر نظارہ فراہم کرے گی اور پالیسی سازوں اور صارفین کو مختلف وقتوں میں یوٹیلیٹی کے قابل استطاعت ہونے پر نظر رکھنے کے لیے ایک اہم نیا آلہ فراہم کرے گی۔

آج کے PSC کے ابتدائی آرڈر میں یوٹیلیٹز کے لیے عبوری رہنمائی فراہم کی گئی ہے کہ آنے والے ریٹ کے کیسز کے لیے اور اپنی پہلی سالانہ فائلنگز جن کو 1 فروری 2027 تک جمع کروانا درکار ہے، کے لیے اپنے افوڈیبلٹی انڈیکس کا حساب لگائیں۔ ان فائلنگز میں فراہم کردہ معلومات پہلی سالانہ افورڈیبلٹی رپورٹ میں شامل کی جائیں گی جو 1 جولائی 2027 تک جاری کی جائے گی۔ عبوری افورڈیبلٹی انڈیکس کا حساب لگانے کے لیے ایک یوٹیلٹی کے اوسط سالانہ رہائشی بجلی یا گیس کے یوٹیلیٹی کے خرچے کو ریاستی اوسط آمدنی (یا Con Edison اور National Grid ڈاؤن اسٹیٹ کے لیے علاقے کی اوسط آمدنی) سے تقسیم کیا جائے گا۔

گورنر Hochul (ہوکل) کا توانائی کو قابلِ استطاعت بنانے کا ایجنڈا
اپنے پورے دورِ اقتدار میں، گورنر Hochul (ہوکل) نے توانائی کے ٹیکس دہندہ صارفین کے لیے ہدفی ریلیف فراہم کیا ہے۔
COVID کے بعد، گورنر نے تقریباً نصف ملین گھریلو صارفین اور 56,000 چھوٹے کاروباری اداروں کو ناقابلِ برداشت سابقہ یوٹیلیٹی بل ادا کرنے میں مدد دینے کے لیے 1.17$ بلین کی ایک مرتبہ فراہم کی جانے والی فنڈنگ کا اعلان کیا جو ریاست کی تاریخ میں یوٹیلیٹی صارفین کے لیے مالی معاونت کا سب سے بڑا پروگرام تھا۔

2021 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے باشندوں کی زندگی آسان بنانے کو ترجیح دی ہے۔ اس میں 6.6$ بلین سے زیادہ کی رقم شامل ہے (جس میں اس موسمِ خزاں میں بھیجے جانے والے 1$ بلین کے توانائی ریبیٹ چیکس شامل نہیں)، جو شریک گھرانوں کو براہِ راست یوٹیلٹی بلز میں ریلیف کے طور پر فراہم کی گئی ہے، نیز رہائشی عمارات کو موسمی اثرات سے محفوظ بنانے، توانائی کی کارکردگی بہتر بنانے اور قابلِ تجدید توانائی کے پروجیکٹس کی معاونت کے لیے مزید 1.4$ بلین فراہم کیے گئے ہیں، جو شریک گھرانوں کے توانائی کے استعمال اور بلز کو کم کرنے میں مدد دیں گے۔

اس سال، گورنر Hochul (ہوکل) نے توانائی کو حسب استطاعت بنانے کا ایک ایجنڈا بھی نافذ کیا، جو بڑھتی ہوئی یوٹیلٹی شرحوں سے نمٹنے میں مدد دینے کے لیے بڑی توانائی کمپنیوں کے مقابلے میں نیو یارک کی فیملیز کو ترجیح دیتا ہے۔ یوٹیلٹیز کو باضابطہ کرنے کے حوالے سے ریاست کے طریقۂ کار کو جدید بنانے کی اس کوشش کے مرکز میں یہ عزم موجود ہے کہ توانائی قابلِ استطاعت رہے۔ توانائی کے منافع کو کمپنی کی اس صلاحیت سے جوڑا جائے گا کہ وہ وہاں کارکردگی دکھائے جہاں سب سے زیادہ اہمیت ہے: یعنی لوگوں کی جیبوں میں۔ یوٹیلٹیز کو لابنگ، پُرکشش PR مہمات، سیاسی عطیات، اور پُرتعیش سفر کے اخراجات نیو یارک کے ریٹ دہندگان پر منتقل کرنے سے روکا جائے گا۔ یوٹیلٹی CEOs کی تنخواہوں کو پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission, PSC) کی جانب سے مقرر کردہ توانائی کو قابلِ استطاعت بنانے کے اہداف کے حصول سے منسلک کیا جائے گا۔ اور اگر کوئی یوٹیلٹی اضافی منافع کماتی ہے، تو وہ رقم ریٹ دہندگان کو واپس کی جائے گی۔

گورنر Hochul کا ریٹ پیئر پروٹیکشن پلان درج ذیل اقدامات کرے گا:

- یوٹیلٹی کمپنیوں سے ناگہانی مالیاتی نظم و ضبط اور شفافیت کا مطالبہ کر کے خلل ڈالنے والے نرخوں میں اضافے کو ابتدا ہی میں نافذ ہونے سے روکے گا۔ ریٹ میں اضافے کی درخواست کرتے وقت، یوٹیلٹیز کو یہ ثابت کرنا ہو گا کہ ان کے کیپیٹل پروجیکٹس بالکل ضروری ہیں اور انہوں نے صفر اخراج والے آپشنز کی تلاش میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ انہیں بجٹ کی پابندیوں کے مطابق ایک ایسا آپشن بھی پیش کرنا ہوگا جو ان کے آپریٹنگ اخراجات کو افراطِ زر کی شرح سے کم رکھے۔

- منصفانہ عمل کو یقینی بنائے گا، جس کے تحت یوٹیلٹی کمپنیوں کی نرخوں سے متعلق درخواستوں کا جائزہ لینے کے لیے 14 ماہ درکار ہوں گے، اور جہاں صارفین کے لیے مناسب ہو وہاں PSC کئی سالوں پر مشتمل نرخوں کے معاملات طے کر سکے گا۔ ریاست کے ریگولیٹرز نئے نرخ طے کرنے کے عمل کے دوران یوٹیلیٹیز کی جانب سے کیے جانے والے اخراجات کا بھی کڑا جائزہ لیں گے۔ اس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ صارفین پر یوٹیلیٹی ریٹ کیسز سے وابستہ ایسے اخراجات کا بوجھ نہ ڈالا جائے جو قانوناً ضروری نہیں ہیں۔
- توانائی کی حسب استطاعت کا ایک نیا اشاریہ قائم کرنا لازمی قرار دے گا، جو عام نیو یارک باشندوں پر یوٹیلٹی نرخوں کے حقیقی اثرات کو ظاہر کرے گا اور یہاں یوٹیلٹیز کی کارکردگی کا ملک کے باقی حصوں کی یوٹیلٹیز کے مقابلے میں معیار مقرر کرے گا۔ آئندہ یوٹیلیٹیز کے لیے یہ واضح کرنا ضروری ہو گا کہ نرخوں میں کوئی بھی مجوزہ اضافہ اس انڈیکس پر کس طرح اثر انداز ہو گا اور اگر کوئی ریٹ کیس اوسط گھرانے پر توانائی کے اخراجات کا بوجھ 6 فیصد سے زیادہ کر دیتا ہے، تو ریاست ایک آزاد افورڈیبلٹی مانیٹر کو براہِ راست یوٹیلیٹی کے بورڈ روم میں تعینات کر سکے گی۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔